# حقیقت نامہ

## بچوں کی معاونت کی مقصد سےانکشافِ آمدنی

علٰیحدگی یا طلاق کے بعد اپنے بچّوں کو مالی طور پر سہارا دینے کی قانونی ذمّہ داری والدین میں سے دونوں پر لاگو ہے۔ بچّے اس مالی سہارہ پانے کے قانونی حقدار ہیں ۔

فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائڈلائنز[1] (وفاقی رہنما اصول) کے تحت، والدین کے لیئے ضروری ہے کہ وہ اپنی آمدنی کی مکمّل اور تازہ ترین معلومات فراہم کریں تاکہ منصفانہ مقدارمیں رقم یقینی بنایا جا سکے۔

یہ حقیقت نامہ درجِ ذیل کے بارے میں عام معلومات مہیّا کرتا ہے:

- آمدنی کی معلومات **کون** فراہم کرے اور **کب** کرے؛
- وہ آمدنی **کی کونسی** معلومات فراہم کریں؛ اور
- اگر معلومات فراہم نہ کیئے جایئں **تو کیا ہوگا**۔

## آمدنی کی معلومات کون فراہم کرے اور کب کرے؟

انکشافِ آمدنی کی ذمّہ داری کے دو اقسام ہیں؛ ابتدائی اور جاری (رواں)

### ***1. ابتدائی انکشاف کی ذمّہ داری***

بچّوں کی ابتدائی معاونت کی مقدار تعیّن کرنے کے لیئے، فیڈرل گائڈلائنز چاہتا ہے کہ والدین میں سے کوئی ایک یا دونوں اپنے پچھلے تین ٹیکس ایئرز(tax years) کی مکمّل معلومات فراہم کریں[2]۔

**والدین میں سے دونوں کو** اپنی آمدنی کی معلومات فراہم کرنی ہوگی اگر:

- تقسیم شدہ(split) **یا** شراکت داری میں بچوں کی قانونی نگرانی(shared custody) کا بندوبست ہے؛
- کوئی مخصوص یا غیر معمولی اخراجات ہیں؛
- کوئی حد سے زیادہ مشکلات کا دعوٰی ہے؛
- کوئی بچہ ایج آف میجورٹی (age of majoriy) کی عمر کا ہے یا اس سے زیادہ عمر کا ہے اور بچوں کی معاونت کی رقم کا حساب ، بچے کی عمر اگر ایج آف میجورٹی سے کم ہوتی تو جو حساب بنتی، اس کے مقابلے میں مختلف ہے؛
- ادائگی کرنے والے/والی والد/ والدہ سالانہ 150,000$ سے زیادہ کماتا ہے/کماتی ہے؛
- دونوں میں سے کوئی بھی فریق اپنے زوج یا پارٹنر کے بچّے کے (مثلاً سوتیلا باپ/سوتیلی ماں) والد/والدہ کا کردار نبھا رہا ہو/رہی ہو تو۔

[1] تمام صوبوں اور مملوکہ علاقوں نے بچّوں کی معاوت کے رہنما اصول(child support guidelines) کو اختیار کیا ہے جو کہ کافی حد تک وفاقی رہنما اصول(Federal Guidelines) کی طرح ہیں (سوائے کوئیبیک کے، جہاں انہوں نے بچّوں کی معاونت کے طریقِ عمل کو ایک مختلف نقطئہ نظر سے اختیار کیا ہے)، لیکن شائد چند اختلافات ہیں۔ ان رہنما اصول کے متعلق معلومات ویب سائٹ پر http://www.justice.gc.ca/eng/fl-df/pt-tp/ میں ملیں گے۔ کسی بندے کے حالات کی اصلیت تعین کرے گی کہ کونسے رہنما اصول لاگو ہیں۔

[2] اگروفاقی رہنما اصول لاگو نہیں ہوں، تو برائے مہربانی مزید معلومات کے لیئے قابلِ اطلاق صوبوں اور مملوکہ علاقوں کے انکشافِ آمدنی کی ضروریات رجوع کریں۔

اگر ان میں سے کوئی بھی حالات لاگو نہ ہوں تو صرف بچّوں کی معاونت کی رقم دینے والے والد/والدہ اپنی آمدنی کی معلومات فراہم کرے گا/کرے گی ( مثلاً، اگروالدین میں سے کسی ایک کے پاس سول کسٹڈی (sole custody) ہو تو).

### *2. بچّے کی معاونت کے حکم نامے یا سمجھوتے کے بعد بھی انکشاف کی ذمّہ داری کی برقراری*

اس بات کی یقین دہانی کے لیئے کہ بچّوں کو، آمدنی کی تازہ ترین معلومات پر منحصر، منصفانہ مقدار میں معاونت ملے، والدین پر ذمّہ داری لاگو ہے کہ وہ بچّے کی معاونت کے حکم نامے یا سمجھوتے کے بعد اپنی آمدنی کی معلومات فراہم کرتے رہیں۔ یہ قانونی ذمّہ داری، قانون، عدالتی فیصلوں، اور/یا نظامی خدمات (مثلاً، ری کیلکولیشن سروس[3] (recalculation service) کی طرف سے:

- **<u>وفاقی رہنمائی ہدایات یعنی فیڈرل گائڈلائنز (Federal Guidelines):</u>** فیڈرل گائڈلائنز کے مطابق جن والدین کو اپنی آمدنی کی اسٹیٹمینٹ دینی پڑی تھی، اگر انہیں دوسرے والد/والدہ کی طرف سے تحریری درخواست ملی ہو، تو سال میں صرف ایک بار نہ کہ اس سے زیادہ بار، اپنی آمدنی کی تازہ ترین اسٹیٹمینٹ فراہم کرنی ہوگی۔ اس کا مطلب ہے کہ جس والد/والدہ نے آمدنی کی تازہ ترین اسٹیٹمینٹ کی درخواست بھیجی تھی، انہیں ان معلومات کو پانے کا حق ہے اور دوسرے والد/والدہ کو انہیں فراہم کرنا ضروری ہے۔

- **<u>آمدنی میں تبدیلیاں:</u>** دا سپریم کورٹ آف کینیڈا (The Supreme Court of Canada) کے مطابق وادین پر لازم ہے کہ وہ اپنی تازہ ترین آمدنی کی معلومات پر منحصر بچّوں کی معاونت کی رقم کی ادائگی کریں[4] . چنانچہ، والدین کو چاہیئے کہ وہ ایک دوسرے کو اپنی آمدنی کی تبدیلیوں سے واقف رکھیں۔

- **<u>حکم نامہ یا سمجھوتہ:</u>** بچّے کی معاونت کا حکم نامہ یا سمجھوتہ یہ طلب کر سکتا ہے کہ کوئی ایک والد/والدہ دوسرے والدہ/والد کو مخصوص اوقات میں اور مخصوص حالات میں آمدنی کی معلومات فراہم کرتے رہیں۔

- **<u>ری کیلکولیشن سروس (Recalculation Service) :</u>** اگر ان کے بچّے کی معاونت کا حکم نامہ یا سمجھوتہ کسی "ری کیلکولیشن سروس" کے ساتھ ریجسٹرڈ ہے، تو ممکناً تب بھی ان والدین کو اپنی آمدنی کی معلومات فراہم کرنی پڑے۔

## والدین کو کس قسم کی آمدنی کی معلومات فراہم کرنی ہیں؟

آمدنی کی مکمّل اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنا **ضروری** ہے جن میں درجِ ذیل کا شامل ہونا ضروری ہے:

- سب سے حالیہ تین ٹیکس ایئرز(tax years) میں سے ہر ایک سال کا انکم ٹیکس رِٹرن؛ اور
- [کینیڈا ریوینیو ایجینسی] کی صرف سے سب سے حالیہ تین سالوں میں سے ہر ایک سال کے نوٹسس آف اسیسمینٹ (notices of assessment) اور ری اسیسمینٹ (reassessment)۔

**ہو سکتا ہے** کہ والد/والدہ کو اپنی آمدنی کی دیگر معلومات بھی شیئر کرنا پڑے، جیسے:

- سب سے حالیہ اسٹیٹمینٹ آف اَرنِنگز(statement of earnings) یا پے سلِپ(pay slip)، ان کے آجر کی طرف سے ان کی تنخواہ یا اجرت کے بیان کے ساتھ ایک خط ۔

---

[3] ری کیلکولیشن سروسز صوابئی یا علاقائی مملوکہ علاقائی خدمات ہیں جو کہ آمدنی کی تازہ ترین معلومات کی بنا پر بچوں کی معاونت کی مطابقت کرتا ہے۔ ری کیلکولیشن سروسز کہاں کہاں دستاب ہیں اور کون سے لوگ اسے حاصل کر سکتے ہیں، اس کے متعلق معلومات ڈپارٹمین آف جسٹِس کینیڈا کے ویب سائٹ پر موجود Inventory of Government-Based Family Justice Services میں ملیں گے۔

[4] *D.B.S.* v. *S.R.G.; L.J.W.* v. *T.A.R.; Henry* v. *Henry; Hiemstra*v.*Hiemstra, [2006] 2 S.C.R. 231, 2006 SCC 37.*

- اگر کوئی والد/والدہ ذاتی کاروبار کرتا ہو یا کوئی کارپوریشن چلاتا ہو تو مالیاتی تفصیلات (financial statements)۔
- ایمپلوئمینٹ انشورینس، ورکرز کامپین سیشن، ڈِس ایبلٹی پیمینٹس، اور سماجی یا عوام الناس معاونت کی طرف سے کمائی کی معلومات۔

## اگر والد/والدہ معلومات فراہم نہ کرکریں تو ایسی صورت میں کیا؟

قانوناً، والدین کے لیئے ضروری ہے کہ طلب کرنے پر، وہ اپنی مکمّل اور تازہ ترین معلوماتِ آمدنی فراہم کریں۔ اگرکوئی والد/والدہ اس ذمّہ داری کا لحاظ نہ کریں، تو عدالت جو کر سکتا ہے اس کی چند مثالیں درجِ ذیل ہیں:

- حکم دے سکتا ہے کہ آمدنی فراہم کی جائے (انکشاف کا حکم)؛
- بچّے کی معاونت کی غرض سے والد/والدہ کی آمدنی کی ایک مخصوص مقدارفرضی طور پر تقرّر کر سکتا ہےاور اسی آمدنی (اِمپیوٹ اِنکم یعنی عدم آمدنی) پر منحصر حکم نامہ جاری کر سکتا ہے؛
- اس والد/والدہ کو حکم دے سکتا ہے کہ ان کی کمائی کی تبدیلی سے لے کر اب تک بچّے کی معاونت کی جتنی رقم کے وہ مقروض ہیں، اس رقم کی ادائگی کریں (ریٹرو ایکٹِو آرڈر یعنی گزشتہ وقت سے نافز قرار دیا ہؤا حکم نامہ)؛
- کسی والد/وادہ سے دوسرے والد/والدہ کے قانونی اخراجات کی ادائگی کا مطالبہ کر سکتا ہے؛
- اس والد/والدہ کو عدالت کے حکم کا نافرمان قرار دے سکتا ہے، جس کے نتیجے میں جرمانہ اور/یا جیل ہو سکتا ہے؛

| |
|---|
| دی فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائڈلائنز (The Federal Child Support Guidelines) : یہ اسٹیپ- بائی-اسٹیپ اشاعت ہے جو کہ ڈپارٹمینٹ آف جسٹِس کینیڈا کے ویب کے لاء کے صفحوں کے فیملی سائٹ میں موجود ہیں http://www.justice.gc.ca/eng/rp-pr/fl-lf/child-enfant/guide/index.html بچوں کی معاونت کے مسائل کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔ |

***کیا آپ کومعلوم تھا کہ جسٹِس کینیڈا کے پاس بالغوں اور بچّوں کے لیئے طلاق اور علٰیحدگی کے بارے میں مفت، مددگار معلومات دستیاب ہیں؟ اس مختصر ویڈیو کو دیکھ کر مزید جانیئے، یا ہمارے درجِ ذیل ویب سائٹ کا ملاحظہ کیجیئے:***

## ***Canada.ca/family-law***

**دست برداری:** یہ کوئی قانونی عبارت نہیں ہے اور یہ قانونی مشورہ مہیّا نہیں کرتا ۔ چونکہ فیملی لاء پیچیدہ ہو سکتا ہے، اس لیئے عموماً بہتر ہے کہ لوگ اپنی حالات کے بارے میں کسی فیملی لاء وکیل سے مشورہ لیں۔ یہ وکیل حقوق اور فرائض کے بارے میں قانونی مشورہ جات دینے کے لیئے بہترین پوزیشن میں ہیں۔ زیادہ تر صوبائی اورمملوکہ علاقائی بار اسوسیئیشن لائیر ریفرل سروِسز پیش کرتے ہیں۔ کچھ وکیل مفت میں یا کم شرح میں ابتدائی مشاورت مہیّا کر سکتے ہیں، کچھ افراد وکیل کی مشاورت صرف چند مرتبہ لینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں تاکہ ان کے مخصوص حالات کے چند پہلوؤں میں انہیں مدد ملے۔